SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
February 11, 2021

ایس ای سی پی کی انفارمیشن سکیورٹی مینجمنٹ سسٹم کے میدان میں اہم پیش رفت

اسلام آباد (فروری 11) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انفارمیشن سکیورٹی کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن ISO/IEC ISO 27001:2013 حاصل کرلی ہے۔ یہ سرٹیفکیشن تصدیق کرتی ہے کہ کمیشن کا انفارمیشن سکیورٹی مینجمنٹ سسٹم بہترین بین الاقوامی معیارات کا حامل ہے۔
انفارمیشن سکیورٹی مینجمنٹ سسٹم کی سرٹیفکیشن، بین الاقوامی آڈٹ فرم' میسرز ریسورس انسپکشن کینیڈا کی جانب سے کی گئی۔ سرٹیفکیشن کے لئے ایس ای سی پی کے انفرمیشن ٹیکنالوجی کے ڈیٹا سینٹرز، ہیومین ریسورس سکیورٹی، فیزیکل اینڈ انوائرمینٹل پروٹیکشن اور سوشل میڈیا اکاوئنٹ کی سیفٹی اینڈ سکیورٹی کا آڈٹ کیا گیا۔ تمام مجوزہ محکموں میں انفرمیشن سکیورٹی کے نظام اور فراہم کردہ خدمات عالمی سطح پر رائج معیارات اور ضابطہ اخلاق کے مطابق پائی گئیں۔

انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار سٹینڈرڈائزیشن اور الیکٹروٹیکنکل کمیشن کی جانب سے معلومات کے محفوظ تبادلہ کے متعین معیارات، علامی طور پر تسلیم شدہ ہیں۔ اس بین الاقوامی سرٹیفکیٹ کا حصول سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کا ایس ای سی پی پر اعتماد میں اضافے کا باعث ہوگا۔